شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

21مارچ2025ء

پریس ریلیز

زلمے خلیل زاد کی افغانستان آمد پورے خطے اور خود افغانستان کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): زلمے خلیل زاد کی افغانستان آمد پورے خطے اور خود افغانستان کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ زلمے خلیل زاد درحقیقت امریکہ اور عالمی ڈیپ سٹیٹ کے اہم کارندے ہیں۔ موصوف نائن الیون کے وقت افغانستان میں امریکہ کے سفیر تھے، جب نیٹو سمیت امریکہ کے اتحادیوں نے افغانستان پر حملہ کر کے مُلا عمرؒ کی حکومت کا خاتمہ کر دیا تھا۔ 2003ء میں جب امریکہ اور برطانیہ نے ''ویپنز آف میس ڈسٹرکشن'' کا جھوٹا بہانہ تراش کر عراق پر حملہ کیا اور صدر صدام حسین کا تختہ الٹا تو اس کے بعد 2005ء سے 2007ء تک زلمے خلیل زاد عراق میں امریکہ کے سفیر رہے۔ لٰہذا ان سے کسی خیر کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ پھر یہ کہ رینڈ کارپوریشن کی بدنام زمانہ رپورٹ جس میں مسلمانوں کو چار گروہوں میں تقسیم کیا گیا تھا اور 'انتہا پسندوں' کے 'روایت پسندوں' کے ساتھ گٹھ جوڑ کو مغربی تہذیب کے لیے خطرہ قرار دیا گیا تھا جبکہ 'جدیدیت پسند' مسلم سکالرز اور 'سیکولر' افراد کو مغرب کے پشت پناہ قرار دیا گیا تھا موصوف اُس رپورٹ کی مصنفہ شیرل برناڈ کے شوہر ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ زلمے خلیل زاد کی امریکہ نوازی اور اسلام و مسلم دشمنی ظاہر و باہر ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ افغانستان میں آپس کے اختلافات کی جو خبریں سامنے آ رہی ہیں وہ انتہائی تشویش ناک ہیں۔ ایک طرف مغربی ممالک بظاہر اختلاف کے باوجود بھی حدیث مبارکہ ''الكفر ملة واحدة'' کے مصداق آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔ دوسری طرف المیہ یہ ہے کہ مسلم ممالک آپس میں بٹے ہوئے ہیں اور ہر کوئی دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنائے ہوئے ہے، جس کا فائدہ صرف طاغوتی قوتوں کو حاصل ہو رہا ہے۔ امریکہ اور اس کے معاونین چاہتے ہیں کہ اس خطے میں افغانستان اور پاکستان محفوظ نہ رہیں، آپس میں بِھڑ پڑیں اور متحد نہ ہوں تاکہ احادیث مبارکہ میں خراسان کے جس علاقے کا تذکرہ آیا ہے جہاں سے فوجیں حضرت مہدی کی نصرت کے لیے جائیں گی اور خراسان ہی سے سیاہ جھنڈے نکلیں گے جو ایلیا (یروشلم) میں اسلام کا بول بالا کریں گے، وہ وجود میں نہ آ سکے۔ آخر میں انہوں نے مسلم ممالک سے بالعموم اور حکومتِ پاکستان و افغانستان سے بالخصوص دردمندانہ اپیل کی کہ آپس کے اختلافات کو ختم کر کے متحد ہوں تاکہ طاغوتی قوتوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر انہیں منہ توڑ جواب دیا جا سکے۔ اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کی برکات سے مسلمان ممالک کے حکمرانوں اور مقتدر حلقوں کو ہدایت عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرو اشاعت